اذکار

9مارچ بروز منگل2021

خواتین کے عالمی دن کے مناسبت سے منعقدہ تقریب سے ایم پی اے عابدہ راجہ خطاب کر رہی ہیں

خواتین کو اپنے حق کیلئے آواز بلند کرنا ہوگی، طاہرہ اورنگزیب

قومی دھارے میں عملی شمولیت کے اقدامات وقت کی ضرورت ہیں، عابدہ منیر

راولپنڈی (نمائندہ اذکار) عالمی یوم خواتین کے موقع پر عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام راولپنڈی پریس کلب میں پاکستان تحریک انصاف، مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ خواتین کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے عملی اقدامات کو یقینی بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ مقررین میں ہیڈ کوآپریشن ہائی کمیشن برائے کینیڈا کرسٹوفر کنگ، محترمہ طاہرہ اورنگزیب، ممبر قومی اسمبلی (مسلم لیگ ن)، عابدہ منیر (پی ٹی آئی) پی پی سٹی صدر کی محترمہ سمیرا خان، مس روبینہ اکبر، سابق کونسلر (پی ٹی آئی)، محترمہ ثمینہ شعیب، سابق کونسلر (مسلم لیگ ن) اور محترمہ عذرا یونس، سابق کونسلر (پی پی) ڈائریکٹر پروگرام عورت فاؤنڈیشن ممتاز مغل اور عورت فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نعیم احمد مرزا شامل تھے۔ مقررین نے کہا کہ با اختیار خواتین با اختیار معاشرے کی بنیاد ہیں، خواتین کی شمولیت کے بغیر جمہوریت کا تصور ناممکن ہے۔

راولپنڈی: رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں